سیکشن (الف) برائے اردو میڈیم طلباء وطالبات

پرچہ: کیمسٹری

سوال نمبر 1:۔ مندرجہ ذیل سوالات کیلئے درست جواب کا انتخاب کریں اور اپنا انتخاب یعنی (الف، ب، ج یا د) ہر جز کے سامنے دیئے ہوئے خالی خانہ میں لکھیں۔

(۱) کونسا طاقتور اساس ہے؟

(الف) $Ca(OH)_2$ (ب) $Ba(OH)_2$ (ج) $NH_4OH$ (د) LiOH

(۲) کاربن مرکبات کے مطالعے کو۔۔۔۔۔۔۔کیمیا کہتے ہیں۔

(الف) حیاتیاتی (ب) نامیاتی (ج) طبعی (د) صنعتی

(۳) ایک تیزاب کی PH قیمت ہے۔

(الف) 7 کے برابر (ب) 7 سے زیادہ (ج) 7 سے کم (د) 14 کے برابر

(۴) کونسا عنصر نوبل گیس نہیں ہے۔

(الف) He (ب) Ne (ج) Rn (د) Ra

(۵) کونسا بجلی کیلئے اچھا موصل ہے۔

(الف) چینی (ب) ٹھوس میگنیشم کلورائیڈ (ج) پگھلا ہوا سوڈیم کلورائیڈ (د) ٹھوس امونیم کلورائیڈ

(۶) توانائی کی وہ مقدار جو ایٹم کے بیرونی مدار میں الیکٹران داخل ہونے سے خارج ہو کہلاتی ہے۔

(الف) برقیہ الف (ب) توانائی بالقوت (ج) برقی منفیت (د) برقی مثبت

(۷) C2H2 میں کونسا بانڈ پایا جاتا ہے۔

(الف) اکہرا کوویلنٹ بانڈ (ب) دہرا کوویلنٹ بانڈ (ج) تہرا کوویلنٹ بانڈ (د) آئنی بانڈ

(۸) عناصر کے کیمیائی علامتیں۔۔۔۔۔۔نے تجویز کیں۔

(الف) کیوری (ب) ڈالٹن (ج) وہلر (د) برزیلیئس

(۹) کونسا گیس یک ایٹمی ہے۔

(الف) ہائیڈروجن (ب) آکسیجن (ج) ہیلیئم (د) کلورین

(۱۰) غیر نامیاتی اجزاء سے یوریا بنانے والا کون تھا؟

(الف) نیوٹن (ب) فیراڈے (ج) وہلر (د) ڈالٹن

(۱۱) ایٹم کا کمیتی نمبر ہے۔

(الف) الیکٹران + پروٹان (ب) الیکٹران + نیوٹران (ج) پروٹان + نیوٹران (د) کوئی نہیں

(۱۲) تیسرے پیریڈ میں عناصر کی تعداد۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

(الف) 4 (ب) 8 (ج) 12 (د) 16

پرچہ: کیمسٹری

نوٹ:۔ سیکشن (ب) اور سیکشن (ج) کیلئے کل وقت 1 گھنٹے اور 45 منٹ ہیں۔

سیکشن (ب) برائے اردو میڈیم طلباء وطالبات: نمبر: ۲۸

سوال نمبر II:۔ درج ذیل میں سے 8 اجزاء کے مختصر جوابات لکھیں ہر جزو کے چار نمبر برابر ہیں۔

(۱) گلاب کے باغ میں گلاب کی خوشبو ہمیں کیوں محسوس ہوتی ہے۔

(۲) دھاتوں کی آئیونائزیشن پوٹینشل کم ہوتی ہے کیوں؟ وضاحت کریں۔

(۳) کراس ڈاٹ فارمولے سے ظاہر کریں Co2, NH3 , H2O, H2

(۴) طبعی کیمیاء، تجزیاتی کیمیا، حیاتیاتی کیمیاء اور نامیاتی کیمیاء کی تعریف کریں۔

(۵) اساسوں کی تیزابیت اور ان کی اقسام کی وضاحت کریں۔

(۶) سلور نائٹریٹ کے محلول میں سے 15 ایمپیئر کرنٹ 10 منٹ کیلئے گزاری جائے تو 3.3459 گرام سلور کیتھوڈ پر حاصل ہوتی ہے سلور کی ایٹمی کمیت معلوم کریں۔

(۷) ایٹمی نمبر اور کمیتی نمبر میں فرق بیان کریں۔

(۸) بوہر ایٹمی ماڈل کے اہم نکات تحریر کریں۔

(۹) کرومیم کی برقی ملمع کاری۔

(۱۰) لیوس کا نظریہ تیزاب واساس بیان کریں۔

(۱۱) "انرجی ان" اور "انرجی آؤٹ" کی وضاحت کریں۔

سیکشن (ج)

نوٹ:۔ کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کریں ہر سوال کے نمبر برابر ہیں۔

سوال III:۔ (الف) سیر شدہ، غیر سیر شدہ اور انتہائی سیر شدہ محلولات کی وضاحت کریں۔

(ب) دھاتی بانڈ کی وضاحت کریں۔

سوال IV:۔ (الف) کیمیائی تعامل کی وضاحت کریں۔

(ب) کیمیائی تعامل کی اقسام کی وضاحت کریں۔

سوال V:۔ (الف) کیمیائی بانڈ کی تعریف کریں آئنی بانڈ کی وضاحت کریں۔

(ب) کوویلنٹ مرکبات کے خواص تحریر کریں۔

سوال VI:۔ (الف) کیمیائی مساوات کی تعریف کریں کیمیائی مساوات کیسے لکھی جاتی ہے۔

(ب) مکمل اور متوازن کریں۔

$NH_3 + O_2$

$H_2S + O_2$

www.ilmkidunya.com